# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : نبی کریم ﷺ بحیثیت معلم

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

ضخامت : 466 صفحات ۔ قیمت : 225روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ' اردو بازار لاہور

پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی معروف عالم دین اور تجربہ کار ماہر تعلیم ہیں۔ آپ مدینہ یونیورسٹی میں تدریس کے فرائض ادا کرتے رہے ہیں۔ آپ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں پر راہ نمائی عطا کرتی ہے۔ آپؐ محبوبِ خدا' اللہ کے پیغمبر اور جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔ آپؐ بہترین خطیب اور عظیم ترین مبلغ تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے۔ یوں آپؐ کامل ترین استاد تھے۔ آپؐ کا اندازِ تدریس نہایت جامع اور مؤثر تھا۔ آپؐ کی زندگی ہر چھوٹے بڑے' امیر و غریب کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں مصنف نے بڑی مہارت اور سلیقے کے ساتھ درجنوں کتابوں سے موضوع سے متعلقہ مواد یکجا کر دیا ہے۔ کتاب ۴۷ ابواب پر مشتمل ہے۔ ہر باب جامع معلومات پر مشتمل ہے۔ صحابہ کو تعلیم دیتے وقت رسول اللہ ﷺ نے ہر وہ انداز اختیار فرمایا ہے جس سے بات آسانی کے ساتھ سمجھ میں آ جائے۔ آپؐ نے پوچھنے والوں کے سوالات کے جوابات بھی دیے ہیں' تفہیم کو زیادہ مؤثر بنانے کے لیے مثال' تشبیہ اور قیاس سے بھی کام لیا ہے' مخاطبین کے ساتھ اپنائیت کا طریقہ بھی اپنایا ہے جو تفہیم میں آسانی پیدا کرتا ہے اور علم کی فضیلت اور طالبانِ علم کی عظمت بھی واضح کی ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے طریق تعلیم پر یہ نہایت جامع کتاب ہے جو مصنف کی تعلیم و تدریس کے ساتھ گہری وابستگی اور آپ ﷺ کے ساتھ سچی عقیدت کا مظہر ہے۔ اس کتاب سے ہر شخص استفادہ کر سکتا ہے' خاص طور پر معلمین کے لیے تو یہ بہترین راہنمائی فراہم کرتی ہے۔ کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کی تمام معلومات پختہ اور مستند ہیں جن کی بنیاد قرآن و سنت پر ہے۔ غیر مستند روایات درج کرنے سے احتراز کیا گیا ہے۔ کتاب کی خوبصورت کمپوزنگ' عمدہ ترتیب' اعلیٰ سفید کاغذ اور دلکش ٹائٹل مصنف اور ناشر کے اعلیٰ ذوق کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

© rasailojaraid.com